دستخط نگران کار

Booklet Serial No.

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (سیاسیات) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2017

## Ph D (Political Science) Entrance Test - 2017

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 12 صفحات پر مشتمل ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

☆☆☆

## حصہ اول (Part-A)

1. بنیادی تحقیق (Basic Research) علمی بحث سے شروع ہوکر علمی بحث پر ہی ختم ہوتی ہے اور اس کے نتیجے میں

(A) نئے نظریات وتصورات وضع نہیں ہوسکتے ہیں (B) نئے نظریات وتصورات وضع ہوسکتے ہیں

(C) نئے نظریات وضع ہوسکتے ہیں تصورات نہیں (D) نئے تصورات وضع ہوسکتے ہیں نظریات نہیں

2. مقداری تحقیق (Quantitative Research)

(A) مقدار کی پیمائش یا گنتی پر مبنی ہوتی ہے

(B) مقدار کی پیمائش یا گنتی پر مبنی نہیں ہوتی ہے

(C) مقدار کی پیمائش یا گنتی پر نہیں بلکہ واقعات کے جائزے اور بیان پر مشتمل ہوتی ہے

(D) واقعات کے بیان پر تو مشتمل ہوتی ہے لیکن اس میں مقدار کی پیمائش اور گنتی کی کوئی جگہ نہیں

3. ایسی تحقیق جس میں کسی واقعہ یا مظاہر کو عدد و پیمائش میں پیش نہیں کیا جاسکتا بلکہ اسے لفظوں میں ہی بیان کیا جاسکتا ہے۔

(A) خالص تحقیق (Pure Research) کہتے ہیں (B) اطلاقی تحقیق (Applied Research) کہتے ہیں

(C) مقداری تحقیق (Quantitative Research) کہتے ہیں (D) معیاری تحقیق (Qualitative Research) کہتے ہیں

4. انسانی رویہ سے متعلق تحقیق کو

(A) تحقیقی محرکہ (Motivation Research) کہا جاتا ہے (B) عملی تحقیق (Action Research) کہا جاتا ہے

(C) خالص تحقیق (Pure Research) کہا جاتا ہے (D) مقداری تحقیق (Quantitative Research) کہا جاتا ہے

5. تجربی تحقیق (Empirical Research) کے سلسلے میں کیا صحیح نہیں ہے۔

(A) اسے تجربے یا مشاہدہ کے ذریعہ جانچا یا پرکھا جاسکتا ہے (B) یہ نظریہ دیگر نظریات کو نظر انداز نہیں کرتا ہے

(C) اسے تجربے یا مشاہدہ کے ذریعہ جانچا اور پرکھا نہیں جاسکتا ہے (D) اس تحقیق کے لیے اول درجہ (First Hand) کی معلومات درکار ہوتی ہیں

6. تحقیق کے طریقہ کار کے علم کا تعلق براہ راست

(A) (Research Method) تحقیق کا طریقہ سے ہے (B) (Research Methodology) فن تحقیق سے ہے

(C) (Quantitative Research) مقداری تحقیق سے ہے (D) (Applied Research) اطلاقی تحقیق سے ہے

7. درج ذیل اختیارات میں سے کس کا تعلق تحقیق کے روایتی طریقے سے نہیں ہے۔

(A) فلسفیانہ (B) رویہ جاتی (C) تاریخی (D) قانونی

8. درج ذیل فلسفیوں میں سے کس کا تعلق فلسفیانہ تحقیق سے نہیں ہے؟

(A) ہیگل (B) ڈیوڈ ایسٹن (C) ہوبز (D) افلاطون

9. کس کا تعلق تحقیق کی قسموں (Types of Research) سے نہیں ہے

(A) تجزیاتی تحقیق (Analytical Research)
(B) بنیادی تحقیق (Basic Research)
(C) سروے تحقیق (Survey Research)
(D) تصوراتی تحقیق (Conceptual Research)

10. ڈیوڈ السٹین نے سماجی علوم میں سائنسی تحقیق کے کتنے اجزا بتائے ہیں۔جنہیں وہ تحقیق یا مطالعہ کے لیے ''دانشمندانہ بنیادی ستون قرار دیتا ہے۔''

(A) چھ (6)
(B) سات (7)
(C) آٹھ(8)
(D) دس

11. حقیقی سوالات کی تقسیم ''نظریاتی (Theoritical) ،مقام سے متعلق (Site Specific) اور آبادی سے متعلق(Population Specific) کس نے کی ہے

(A) سی آر کوٹھاری
(B) مارشل اور راس میان
(C) جیمس ہیرالڈ فاکس
(D) ولکنسن اور بھنڈارکر

12. تحقیقی خاکہ Research Design ایک ایسا ''ماسٹر پلان ہے جو متعلقہ اطلاعات کو اکٹھا کرنے اور تجزیہ کرنے کے طریقوں و مراحل کو بتاتا ہے'' کس کے الفاظ ہیں۔

(A) مارٹن بلمر
(B) ولیم زکمڈ
(C) سی آی کوٹھاری
(D) جیمس ہیرالڈ فاکس

13. مندرجہ ذیل میں سے کون ایک تحقیقی خاکہ نہیں ہے۔

(A) تجرباتی تحقیقی خاکہ (Experimental Research Design)
(B) تشخیصی تحقیق خاکہ(Diagnostic Research Design)
(C) پرامید تحقیقی خاکہ(Optimistic Reserach Design)
(D) تشکیل تحقیقی خاکہ (Formulation Research Design)

14. درج ذیل بیانات میں سے کون سا بیان غلط ہے۔

(A) تحقیقی خاکہ محقق کے لیے تحقیق کے مختلف مراحل کا تعین کرتا ہے۔
(B) تحقیقی خاکہ کی وجہ سے محقق کم وقت میں اپنا کام کرسکتا ہے
(C) تحقیقی خاکہ کی وجہ سے محقق کا پیسہ اور وقت دونوں زیادہ خرچ ہوتے ہیں
(D) تحقیقی خاکہ کی وجہ سے محقق اپنے مفروضہ کی سچائی کی جانچ کرسکتا ہے۔

15. عظیم محقق نیوٹن نے حرکت کے تین بنیادی قانون کا انکشاف کیا۔اس کی یہ تحقیق

(A) بیانیہ تحقیق (Descriptive Research) کے زمرے میں آتی ہے
(B) نمونہ سروے (Sample Survey) کے زمرے میں آتی ہے
(C) بنیادی تحقیق(Fundamental Research) کے زمرے میں آتی ہے
(D) اطلاقی تحقیق(Applied Research) کے زمرے میں آتی ہے

16. تحقیق (Research) کی جاتی ہے۔

I. موجودہ علم میں یا معلومات میں نئے علم یا معلومات کا اضافہ کرنے کے لیے
II. اس کا مقصد نئے نظریات وضع کرنا نہیں ہے
III. ریسرچ کی ڈگری حاصل کرنے کے لیے
IV. موجودہ علم یا معلومات کی نئے طرز پر یا پھر سے تشریح کرنے کے لیے

(A) I, III & II
(B) III, II & IV
(C) II, I & IV
(D) I, III & IV

17. ایک محقق یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ کون سا طرز نظم ونسق (Administration Style) ایک ادارہ کے موثر ہونے میں زیادہ کارگر ہوسکتا ہے۔اس طرح کی تحقیق کا تعلق ہے۔

(A) بنیادی تحقیق سے (Basic Research)
(B) عملی تحقیق سے (Action Research)
(C) اطلاقی تحقیق سے (Applied Research)
(D) ان میں سے کوئی نہیں

18. تجزیہ متن کی اکائیوں (Units of Content Analysis) میں سے سب سے چھوٹی اکائی کون سی ہے؟

(A) وقت اور جگہ (Time & Space) (B) مرکزی خیال (Theme)

(C) مضمون (Article) (D) لفظ (Word)

19. ''مشاہدہ جانداروں کے رویہ کو ان کے فطری ماحول میں تجربی مقاصد کے لیے دیکھنا، سننا اور ریکارڈ کرنا ہے''۔ مشاہدہ سے متعلق یہ الفاظ یا تعریف کس سے وابستہ ہے

(A) لنزی گارڈن (Lindzey Garden) (B) جان لوف لینڈ (John Loflan D)

(C) ولیم زکمنڈ (William Zikmund) (D) ان میں سے کسی سے بھی نہیں

20. محقق کے مشاہداتی رویہ کی بنیاد پر مشاہدہ کو شرکتی (Participant) اور غیر شرکتی (Non-Participant) دو قسموں میں کس نے تقسیم کیا ہے۔

(A) ولیم زکمنڈ (B) بلیک اور چیمپین (C) اوستھی اور مہشوری (D) رجنی کوٹھاری

21. مشاہدہ کو، سائنسی طور پر مفید مشاہداتی مواد کو حاصل کرنے کی بنیاد پر باضابطہ (Systematic) اور بے ضابطہ (Unsystematic) میں کس نے تقسیم کیا ہے۔

(A) آر۔ ای۔ بالس (B) البرٹ ریئرس (C) ہڈسن میکسم (D) رجنی کوٹھاری

22. ایک ڈاکٹر یا محقق نے ملیریا کی دو دواؤں پر ان کی افادیت کو پرکھنے کے لیے تحقیق کی، اس کی یہ تحقیق کس زمرے میں آتی ہے۔

(A) بیانیہ تحقیق (Descriptive Research) (B) تجرباتی تحقیق (Experimental Research)

(C) کیس تحقیق (Case Study) (D) نسل نگاری تحقیق (Ethnography)

23. سائنسی تحقیقات کی اہم خصوصیات ہیں۔

(A) Empirical (B) Theortical (C) Experimental (D) درج بالا سبھی

24. تحقیق میں عام طور پر کس تکنیک کو استعمال کیا جاتا ہے جب کسی محدود (Finite) آبادی (Population) کا نمونہ (Sampling) مقصود ہو۔

(A) Area Sampling Technique (B) Purposive Sample Technique

(C) Systematic Sampling Technique (D) درج بالا میں سے کوئی نہیں

25. Case Study کا مقصد ہوتا ہے۔

(A) Remedial (B) Diagnostic (C) Educational (D) درجہ بالا سبھی

26. فلسفیانہ تحقیق طریقہ کار کی عام طور پر ضرورت پڑتی ہے۔

(A) فلسفہ سے متعلق تحقیقات میں (B) سبھی تحقیقات جن کا تعلق علوم سماجیات کے مقاصد کو تلاش کرنا ہو

(C) آتما اور پرماتما کی معلومات حاصل کرنے میں (D) فلسفہ کا کردار اور اس کے حدود طے کرنے میں

27. عام طور پر Varibles

(A) دو طرح کے ہوتے ہیں (Independent & Dependent Variables)

(B) تین طرح کے ہوتے ہیں (Independent & Dependent and Intervening Variables)

(C) چار طرح کے ہوتے ہیں (Independent & Dependent, Intervening & Control Variables)

(D) درج بالا میں سے کوئی نہیں

28. یہ تحقیقی اخلاقیات (Ethics) کے خلاف ہے۔

(A) Self Interest (B) Scientific Method

(C) Reliability (D) Humanity

29. ریسرچ پیپر لکھنے کا مقصد عام طور پر کیا ہوتا ہے؟

(A) شہرت اور نام کمانا (B) تحقیق کو بیان کرنا، پیش کرنا

(C) پرموشن یا ترقی پانا (D) درج بالا میں سے کوئی بھی نہیں

30. ریسرچ پیپرس عام طور پر لکھے جاتے ہیں۔

(A) ریسرچ اسکالرس کے ذریعے (B) ریسرچ سپروائزر کے ذریعے

(C) سائنسدانوں کے ذریعے (D) سبھی کے ذریعے

31. عام طور پر ریسرچ آرٹیکل کو اخباری آرٹیکل پر فوقیت دی جاتی ہے کیونکہ ان میں

(A) Data کا استعمال ہوتا ہے (B) شماریات کا سہارا لیا جاتا ہے

(C) (A) اور (B) دونوں پائے جاتے ہیں (D) درج بالا میں سے کوئی بھی صحیح نہیں

32. عام طور پر کانفرنس کا استعمال

(A) بہت ہی سنجیدہ اور اہم مسائل پر تبادلۂ خیال کرنے کے لیے کیا جاتا ہے (B) تحقیقاتی مراحل کے اہم متشکلات کا حل ڈھونڈنے کے لیے کیا جاتا ہے

(C) تحقیق کے حاصل (Inferences) کے بڑے پیمانے پر امکانات پر غور کرنے کے لیے (D) درج بالا سبھی

33. سمینار کا حصہ ہوتے ہیں

(A) Organiser, Chairman, Speakers, Participants (B) President, Chairman & Workers

(C) Chairman and Participants only (D) درج بالا میں سے کوئی بھی نہیں

34. سمپوزیم

(A) ایک اچھی طرح سے منعقد کیے جانے والا پروگرام جس میں چند اسپیکر اور بڑی تعداد میں سننے والے ہوتے ہیں

(B) آپسی تبادلہ خیال کے ذریعہ کسی نتیجہ پر پہونچنا (C) گروپ کی شکل میں کوئی فیصلہ لینا (D) درج بالا سبھی صحیح ہیں

35. ریسرچ رپورٹنگ کا طریقۂ کار

(A) Scientific ہونا چاہیے (B) Attractive اور Ethical ہونا چاہیے

(C) ذاتی (Personal) ہونا چاہیے۔ (D) گلوبلائزیشن کے موافقت میں ہونا چاہیے

36. عام طور پر خاکہ (Synopsis) کا موازنہ انسانی جسم سے کیا جاتا ہے۔ اسی طرح اگر چہ اس کے اندر مختلف حصوں میں اختلافات بھی پائے جاتے ہیں۔ پھر بھی اس میں ضروری طور پر ہونا چاہیے۔

(A) یکسانیت (Uniformity) (B) مساوات (Equality)

(C) Functional Continuity عملیاتی تواتر (D) درج بالا میں سے کوئی نہیں

37. مندرجہ ذیل میں سے غیر امکانی نمونے (Non-Probability Sample) کو واضح کیجیے۔

(A) Quota Sample
(B) Simple Random Sample
(C) Purposive Sample
(D) (A) اور (C) دونوں

38. ایک محقق پوری آبادی میں سے امکانی نمونے کے طور پر سو کا نمونہ لیتا ہے۔ اسے کون سا طریقہ نمونہ اختیار کرنا ہوگا۔

(A) Random Sample
(B) Cluster Sample
(C) Stratified Sample
(D) Systematic Sample

39. مواد جو کہ ایک چھپی ہوئی کتاب سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اسے

(A) پرائمری ڈاٹا کہتے ہیں
(B) سیکنڈری ڈاٹا کہتے ہیں
(C) تیسرے درجے کا (Tertiary) ڈاٹا کہتے ہیں
(D) درج بالا میں سے کوئی نہیں

40. Induction کی منطق (Logic) قریب ہے۔

(A) سیمپلنگ (Sampling) کی منطق (Logic) سے
(B) Controlled Variable کی منطق Logic سے
(C) Observation مشاہدہ کی منطق (Logic) سے
(D) درج بالا میں سے کسی سے بھی نہیں

41. درج ذیل میں سے کون ایک پرائمری ڈاٹا نہیں ہے۔

(A) براہ راست ذاتی انٹرویو
(B) ای میل کے ذریعہ سوالنامہ ارسال کرنا اور ڈاٹا حاصل کرنا
(C) حکومت کے ریکارڈ سے مواد حاصل کرنا
(D) ان میں کوئی نہیں

42. ’’ترتیبی نظام کے بغیر حقائق کی منظّم تدوین کوئی سائنس نہیں ہوگی بلکہ یہ حقائق ریلوے کا نظام العمل یا جنتری سے بڑھ کر کچھ نہیں ہوں گے۔ اس بیان کا تعلق کس سے ہے؟

(A) پی۔ وی ینگ
(B) ولکنسن اور بھنڈارکر
(C) رام رہوجا
(D) جیمس اے بلیک

43. Open Questionair کے فائدے کیا ہیں؟

(A) تجزیہ دھیرے دھیرے کیا جاسکتا ہے
(B) نئے امکانات کا جائزہ لیا جاسکتا ہے
(C) غلط تشریح کے کام آتا ہے
(D) سوالات کو دھیرے دھیرے پوچھنے کے کام آتا ہے

44. جدول سوالات کے مجموعے کا نام ہے جسے جوابدہ کے سامنے محقق خود ہی پوچھتا ہے اور

(A) محقق خود لکھ کر جوابات حاصل کرتا ہے
(B) جوابدہ (Respondent) خود ہی جوابات بھی لکھ دیتا ہے
(C) دونوں جوابات صحیح ہیں
(D) دونوں جوابات غلط ہیں

45. درج ذیل میں سے کسے جوابدہندہ کے پاس ڈاک کے ذریعہ بھیجا جاسکتا ہے۔

(A) جدول کو
(B) سوالنامہ کو
(C) محقق کو
(D) کسی کو بھی نہیں

46. فلسفۂ تشکیک (Scepticism) کا تعلق کس سے ہے۔

(A) رینے ڈسکارٹس (Rene Descurtes)
(B) برٹرنڈ رسل Bertrand Russel)
(C) افلاطون (Plato)
(D) سقراط (Socrates)

47. جدید اصطلاح معنوں میں سائنس کا پہلا مفکر کسے کہا جاتا ہے؟

(A) ہڈسن میکسم (Hudson Maximum) (B) کارل پیرسن (Karl Pearson)

(C) اگسٹ کومٹے (August Comte) (D) جیمس ہیرالڈ فاکس (James Herald Fox)

48. کالعدم مفروضہ (Null Hypothesis)

(A) تحقیقی مفروضہ کی موافقت میں ہوتا ہے (B) تحقیقی مفروضہ کے بالکل برعکس ہوتا ہے

(C) (A) اور (C) دونوں صحیح ہیں (D) دونوں میں سے کوئی بھی صحیح نہیں ہے

49. جدید فلسفہ کا بانی کسے سمجھا جاتا ہے۔

(A) ہڈسن میکسم کو (B) رینے ڈسکارٹس کو (C) رجنی کوٹھاری کو (D) کسی کو بھی نہیں

50. Criteria of Good Research کا مصنف کون ہے؟

(A) کارل پیرسن (Karl Pearson) (B) ولکنسن اینڈ بھنڈارکر (Wilkinson & Bhandarkar)

(C) جیمس ہیرالڈ فاکس (James Herald Fox) (D) کلیر سیلٹز (Clair Seltiz)

## حصہ دوم (Part - B)

51. Antonio Gramsci مندرجہ ذیل میں سے کس تصور کے لیے جانے جاتے ہیں۔

(A) Hegemony and Common Sense (B) Structural Violence

(C) Well Being (D) ان میں سے کوئی نہیں

52. کس کتاب کے مصنف افلاطون نہیں ہے۔

(A) The Republic (B) The Stateman

(C) The Laws (D) Prince

53. Das Capital کس کی تصنیف ہے۔

(A) Max Weber (B) Karl Marx

(C) Hegel (D) ان میں سے کوئی نہیں

54. "Maximum Happiness to the Maximum Number of People" کی بات کس مفکر نے کی ہے۔

(A) Adam Smith (B) Jeremy Bentham

(C) J.S. Mill (D) Karl Marx

55. اقوام متحدہ کب قائم کیا گیا۔

(A) 23 اکتوبر 1945 (B) 24 اکتوبر 1945 (C) 24 ستمبر 1945 (D) 6 اگست 1945

56. NAM کی پہلی کانفرنس کہاں ہوئی تھی۔

(A) دہلی (B) بلگراڈ (C) لندن (D) ان میں سے کوئی نہیں

57. Lucian Pye کے مطابق سیاسی ترقی کی تعریف یہ ہے۔

(A) Equality, Liberty and Fraternity (B) Capacity, Equality & Differentiation

(C) Equality, Liberty and Justice (D) ان میں سے کوئی نہیں

58. Kitab-al-Ibrar کس کی تصنیف ہے۔

(A) امام غزالی (B) ابن خلدون (C) ابن سینا (D) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

59. بنیادی حقوق کا تصور کس ملک سے لیا گیا ہے۔

(A) انگلینڈ (B) امریکہ (C) جرمنی (D) آئرلینڈ

60. اخبار Kesri کی شروعات کس نے کیا تھا۔

(A) بال گنگادھر تلک (B) مہاتما گاندھی (C) امبیڈکر (D) جواہر لال نہرو

61. Election Commission کا ذکر دستور کی کس دفعہ میں ہے۔

(A) 243 (B) 244 (C) 256 (D) 324

62. سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد بڑھانے کا اختیار کس کے پاس ہے۔

(A) صدر (B) پارلیمنٹ

(C) ہندوستان کے چیف جسٹس (D) لاکمیشن کے پاس

63. رسالہ World Economy Outlook کون سی تنظیم شائع کرتی ہے۔

(A) The International Monetary Fund (B) The United Nations Development Programme

(C) The World Economy Forum (D) The World Bank

64. ہندوستان کے دستور کے کس حصے میں بین الاقوامی امن اور سلامتی کا فروغ شامل ہے۔

(A) دستور کا دیباچہ (B) ریاستی پالیسی کے ہدایتی اصول

(C) بنیادی حقوق (D) نویں شیڈول

65. ہندوستان کے دستور کے کس شیڈول میں مخالف انحراف (Anti-Defection) کی بات کہی گئی ہے۔

(A) چھٹے شیڈول (B) نویں شیڈول

(C) دسویں شیڈول (D) دوسرے شیڈول

66. مندرجہ ذیل میں پارلیمنٹ کی سب سے بڑی کمیٹی ہے۔

(A) The Committee on Public Accounts (B) The Committee on Estimates

(C) The Committee on Public Undertaking (D) The Committee on Petition

67. مندرجہ ذیل میں سے ہندوستان کس کا ممبر ہے۔

(A) Asia-Pacific Economic Cooperation (B) ASEAN (C) East Asia Summit

ذیل میں سے دیے گئے جواب کے صحیح کوڈ کو بتائیے

(A) A اورB (B) صرف B (C) B, A اور C (D) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

68. فلاحی مملکت کا تصور ہندوستان کے دستور میں ہے۔

(A) دستور کا دیباچہ (B) ریاستی پالیسی کے ہدایتی اصول (C) بنیادی حقوق (D) ساتواں شیڈول

69. ہندوستان میں پارلیمانی نظام حکومت ہے کیونکہ:

(A) لوک سبھا کا انتخاب سیدھے طور پر عوام کے ذریعہ ہوتا ہے (B) پارلیمنٹ ملک کے دستور کو ترمیم کر سکتا ہے

(C) راجیہ سبھا کو برخاست نہیں کیا جا سکتا ہے (D) وزراء کی کونسل لوک سبھا کو ذمہ دار ہے

70. Critique of Practical Reason (1788) کس کی تصنیف ہے۔

(A) Immanuel Kant (B) Karl Marks

(C) Aristotle (D) Plato

71. آڈم اسمتھ نے اپنی کتاب Wealth of Nations کب لکھی۔

(A) 1775 (B) 1776

(C) 1785 (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

72. Rowlatt Act کس وائسرائے کے دور میں پاس ہوا تھا۔

(A) Hardinge II (B) Chemsford

(C) Reading (D) Minto II

73. Quit India Movement کانگریس کے کس سیشن میں (Adopt) اختیار کیا گیا تھا۔

(A) ممبئی (B) احمد آباد

(C) پونہ (D) کلکتہ

74. مہاتما گاندھی نے عدم تعاون تحریک (Non-cooperation Movement) کب شروع کیا۔

(A) 1919 (B) 1920

(C) 1921 (D) 1931

75. Yom Kippur جنگ کب شروع ہوتی تھی۔

(A) 1980 (B) 1973

(C) 1948 (D) 1967

76. The Jewish State کا مصنف کون ہے۔

(A) Zion (B) Karl Marx

(C) Theodor Herzle (D) ان میں سے کوئی نہیں

77. کتاب "Modern Political Analysis" کس کی تصنیف ہے۔

(A) ایچ جے لاسکی H.J. Laski (B) بی۔جی۔موسکا B.G. Mosca

(C) سی۔سی۔میکسویو C.C. Maxeyu (D) آر۔اے۔ڈاہل R.A. Dahl

78. کیبنٹ مشن پلان (Cabinet Mission Plan) 1946 نے ہندوستان کے لیے تجویز پیش کیا تھا۔

(A) وحدانی حکومت (B) وفاقی حکومت مضبوط مرکز کے ساتھ

(C) وفاقی حکومت کمزور مرکزی حکومت کے ساتھ (D) کوئی نہیں

79. مندرجہ ذیل میں سے جان رال (John Rawl) کی تصنیف کون سی ہے؟

(A) Political Liberalisation (B) The Constitution of Liberty

(C) Capitalism and Freedom (D) The Real World of Democracy

80. عرب بہار (Arab Spring) کی بغاوت کس ملک سے شروع ہوئی تھی۔

(A) سعودی عربیہ (B) مصر

(C) یمن (D) ٹونیشیا

81. مندرجہ ذیل میں سے کس نے Theory of Underdevelopment کا نظریہ پیش کیا تھا۔

(A) Max Weber (B) David Apter

(C) Samir Amin (D) Amartya Sen

82. دلت پنتھر (Dalit Panthar) تحریک کی شروعات کہاں ہوئی تھی۔

(A) مغربی بنگال (B) بہار

(C) اڑیسہ (D) مہاراشٹرا

83. Cold War کا لفظ سب سے پہلے کس نے استعمال کیا تھا۔

(A) Bernard Bronch (B) Morgenthau

(C) C.K. Webster (D) Karl Deuteh

84. مندرجہ ذیل میں کون سا ملک G-8 کا ممبر نہیں ہے۔

(A) اٹلی (B) فرانس

(C) جاپان (D) چین

85. عصری سیاست میں حاوی نظریہ (Dominant Approach) ہے۔

(A) Structural - Functionalism (B) Marxism
(C) Normative Theory (D) New Institutionalism

86. مندرجہ ذیل میں سے کون (Political Realism) کے نظریہ کے قائل نہیں ہے۔

(A) Kenneth Walts (B) Norman Angell
(C) Morgenthau (D) Joseph Grecho

87. "Limited Sovereignty" کے اصول کو پیش کیا تھا۔

(A) Stalin (B) Khrushchev
(C) Brezhnev (D) Andropov

88. ذیل میں دیے گئے اب تک کے ہوئے Summit کو تاریخی ترتیب میں لائے۔

(i) Rio-de-Jenerio Summit (ii) Kyoto Summit
(iii) Bali Summit (iv) Copenhegan Summit
(A) (iv), (i), (iii), (ii) (B) (iv), (iii), (ii), (i)
(C) (iv), (i), (ii), (iii) (D) (ii), (i), (iv), (iv)

89. مندرجہ ذیل میں دیے گئے کتاب کو تاریخی ترتیب (Chronological Order) میں لایے۔

(i) An Essay Concerning Toleration (ii) De Cive
(iii) Confessions (iv) Political Liberalism
(A) (i), (ii), (iv), (iii) (B) (iii), (iv), (ii), (i)
(C) (iv), (iii), (i), (ii) (D) (ii), (i), (iii), (iv)

90. ذیل میں سے کسے Father of Modern Political Thought کہا جاتا ہے۔

(A) Aristotle (B) Plato
(C) August-Comte (D) Machiavelli

91. ہندوستان میں Inter-State Council کا قیام کب ہوا۔

(A) 1987 (B) 1989
(C) 1991 (D) 1995

92. لفظ 'Leninism' کو کس نے پیش کیا۔

(A) Trotsky (B) Stalin
(C) Marx (D) Mao

93. کس نے کہا منفی آزادی بہتر ہے مثبت آزادی پر

(A) J.S. Mill (B) Isaiah Berlin
(C) T.H. Green (D) Earnest Barker

94. کتاب Anarchial Society کس کی تصنیف ہے۔

(A) Hedely Bull
(B) Noam Chomsky
(C) Robert Kaplan
(D) Kenneth Boulding

95. سب سے پہلے کون سے ملک نے Right to Information کی شروعات کی۔

(A) ناروے
(B) امریکہ
(C) سویڈن
(D) Finland

96. کس نے کہا "Revolutions are the Festivals of Oppressed and Exploited"

(A) Karl Marx
(B) Lenin
(C) Mao
(D) Skocpol

97. World Population Day کب منایا جاتا ہے۔

(A) 4 جولائی
(B) 10 جولائی
(C) 11 جولائی
(D) 10 جون

98. World Environmental Day کب منایا جاتا ہے۔

(A) 1 مئی
(B) 5 جون
(C) 2 جون
(D) 1 جولائی

99. Organisation of the Petroleum Exporting Countries کا مرکزی دفتر کہاں ہے۔

(A) ویانا
(B) جکارتہ
(C) ریاض
(D) ان میں سے کوئی نہیں

100. کس کیس میں سپریم کورٹ نے بنیادی ڈھانچے کو پیش کیا۔

(A) مینکا گاندھی کیس بنام یونین آف اسٹیٹ
(B) ایس آر بومائی بنام یونین آف اسٹیٹ
(C) کیشونندا بھارتی بنام یونین آف اسٹیٹ
(D) حسین آرا بنام یونین آف اسٹیٹ

☆☆☆